© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**رنگِ سحر** | مرتبہ: جناب طالب حجازی صاحب۔ ناشر: حلقہ ادبِ اسلامی۔ حافظ آباد۔ قیمت عہ/

یہ حافظ آباد کے اسلامی رجحانات رکھنے والے نوجوانوں کی نگارشات کا ایک مجموعہ ہے جس کے آغاز میں افرادِ حلقہ کا تعارف درج ہے۔ علاوہ بریں ادبی مسائل پر ملک کی بعض نمایاں شخصیتوں سے آراء حاصل کرکے مجموعہ کی زینت بنائی گئی ہیں۔ یوں تو نوجوانوں کا جو جذبہ اس میں کام کر رہا ہے وہ بہت متاثر کرتا ہے، مگر جب سوال معیارِ انتخاب کا سامنے آتا ہے تو حیرت ہوتی ہے کہ طالب حجازی جیسے ادیب نے ایک انتخابی مجموعہ مرتب کرتے ہوئے "ڈھیلا ڈھالا معیار" کیونکر سامنے رکھ لیا۔ لوگ کہیں گے کہ اگر ایک چمن کی یہ بہار ہو تو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ !

**ماہنامہ "سوداگر" خاتون نمبر** | بہ ادارت: سلطان احمد اللہ والے و جمیل الرحمٰن صاحبان۔ دفتر اشاعت: میرٹھ روڈ کراچی۔ قیمت خاص نمبر عہ/

عورت برس ہا برس کمزور مخلوق تھی لیکن آج تو وہ قدیم جاہلیت اور جدید جاہلیت کے دوگونہ گردابوں میں بری طرح غوطے کھا رہی ہے۔ نظریات اور کلچر اس بُری طرح ٹکرا رہے ہیں کہ مردوں کے سر چکرا چکرا جاتے ہیں۔ بیچاری عورت تو اور زیادہ سخت ابتلا کا شکار ہو رہی ہے۔ اس وقت ہماری خواتین صحیح ذہنی رہنمائی اور نظریاتی سہارے کی شدید محتاج ہیں۔ ماہنامہ سوداگر کے ادارہ نے اسی ضرورت کا احساس کرکے خاتون نمبر نکالا ہے۔ اس نمبر پر ہم تفصیلی اظہارِ رائے تو نہیں کر سکتے۔ بس اتنا ہی کہیں گے کہ ایک طرف اس مجموعۂ نگارشات کا مرکزی محور اسلام ہے۔ دوسری طرف حالات کے جدید تقاضے لکھنے والوں کے سامنے ہیں، پھر تنوع دلچسپی کو بڑھانے والا ہے۔ ملک کے بعض چوٹی کے لکھنے والوں نے اس کی ترتیب میں حصہ لیا ہے۔ ہم اسے اپنے موضوع پر ایک کامیاب نمبر قرار دیتے ہیں اور خواتین کو اس کا مطالعہ کرنے کی ترغیب دلاتے ہیں۔

**موتیوں کا ہار** | مرتبہ: جناب افضل حسین صاحب ایم اے۔ ایل ٹی۔ ناشر: مکتبہ جماعت اسلامی (ہند)، رام پور، یو۔ پی۔ قیمت حصہ اول ۳ر، حصہ دوم نامعلوم، حصہ سوم ۵ر

مؤلف کا میدان "درسیات" ہے۔ اسلام کو ایک نظامِ زندگی اور ایک تمدنی تحریک کی حیثیت سے ذہن

© rasailojaraid.com